**03-10-2023**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................اسلم بیگ

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے چھتیس گڑھ اور تلنگانہ میں 35 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔

☆ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت کا خواب تبھی پورا ہوسکتا ہے کہ ہر ریاست، ضلع اور گاؤں ترقی یافتہ ہو۔

☆ فزکس کا نوبیل انعام مشترکہ طور پر

Pierre Agostini، Ferenc Krausz اور Anne L'Huillier کو Electrons کی تیز رفتار نقل وحرکت کے مطالعے کیلئے روشنی کی انتہائی مختصر حرکت کے شعبے میں کام کے صلے میں دیئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، سکم اور شمال اڈیشہ میں اگلے تین دن کے دوران تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور چین میں Hangzhou ایشیائی کھیلوں کے آج دسویں دن بھارت نے سونے کے دو، چاندی کے دو اور کانسے کے پانچ تمغے جیتے۔ بھارت اب تک 69 تمغے جیت چکا ہے۔

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**PM Telangana**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام تیلنگانہ کے شہر نظام آباد میں 8 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف

ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور اِن میں سے کچھ کو قوم کے نام وقف کیا۔ وزیر اعظم نے بہت سے ریل پروجیکٹوں کو بھی ملک کے نام وقف کیا، جن میں منوہرآباد اور سِدّی پیٹ کو ملانے والی نئی ریل لائن، اور دھرما آباد-منوہرآباد نیز محبوب نگر- کرنول کے درمیان بجلی کاری کا پروجیکٹ بھی شامل ہے۔ انہوں نے Peddapalli ضلع میں NTPC کے تیلنگانہ سُپر تھرمل پاور پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کے، 800 میگاواٹ والی پہلی یونٹ کو بھی ملک کے نام وقف کیا۔ اِس بجلی پلانٹ سے تیار کی جانے والی 85 فیصد بجلی کو خود ریاست میں استعمال کیا جائے گا اور اِس سے شمال-جنوب گرڈ کنیکٹی وٹی میں بھی بہتری آئے گی۔

جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک اور کسی بھی ریاست کی ترقی کا انحصار، بجلی کی پیداوار کے سلسلے میں اُس کی اپنی خود کفالت پر ہے۔

2100 PM-Ease of Doing Business

جناب مودی نے کہا کہ تیلنگانہ سپُر تھرمل پاور پلانٹ، ملک کے، NTPC کے سبھی بجلی پلانٹ میں سے جدید ترین بجلی پلانٹ ہے۔

2100 PM-NTPC-24 Second

وزیر اعظم نے اِس موقع پر، 20 ضلع صدر دفاتر میں، پردھان منتری آیوشمان بھارت، صحت بنیادی ڈھانچہ مشن کے تحت، 50 بستروں پر مشتمل انتہائی نگہداشت والے بلاکوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اِس مشن کے تحت ہر ضلع میں کوالٹی والے بنیادی ڈھانچے کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔x

**PM Chhattisgarh**

وزیر اعظم نریندر مودی نے چھتیس گڑھ میں قبائلی بستر ڈویژن کے ڈویژنل ہیڈکوارٹرس جگدل پور میں 27 ہزار کروڑ روپئے مالیت کے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور ملک کے نام وقف کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کا خواب اُسی وقت پورا ہوسکے گا کہ جب ہر ریاست، ہر ضلع اور ہر گاؤں ترقی یافتہ ہو۔جناب مودی نے کہا کہ مرکز میں BJP سرکار، ملک میں بنیادی ڈھانچے کے فروغ پر خاص توجہ دے رہی ہے۔

1400 PM Develop India 21 Secs

جناب مودی نے کہا کہ پچھلے 9 سال میں بنیادی ڈھانچے کے فروغ پر اخراجات بڑھا کر 10 لاکھ کروڑ روپئے کئے گئے ہیں۔

1400 PM 10 Lakh Crore 27 Secs

وزیر اعظم نے کہا کہ اسٹیل تیار کرنے کے شعبے میں بھارت کو خودکفیل بنانے کی خاطر کئی اقدامات کئے گئے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ بستر میں ناگرنار کے مقام پر واقع NMDC پلانٹ میں تیار ہونے والی اسٹیل سے موٹرگاڑیوں اور دفاع کے شعبے کو نئی تقویت ملے گی۔
جگدل پور کے اپنے دورے میں وزیر اعظم نے جگدل پور ریلوے اسٹیشن کو جدید طرز پر ڈھالنے کے کام کا سنگ بنیاد رکھا اور اَنتاگڑھ اور تاروکی کے درمیان نئی ریل لائن نیز جگدل پور اور دانتے واڑہ کے درمیان ڈبل ریل لائن پروجیکٹ کو ملک کے نام وقف کیا۔ وزیر اعظم نے تاروکی اور رائے پور کے درمیان ٹرین سروس کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کیا۔x

## Hyderabad ECI

انتخابی کمیشن کی مکمل ٹیم نے تلنگانہ میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کا کام شروع کردیا ہے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار کی زیر قیادت چناؤ کمیشن کی ٹیم نے مختلف سیاسی پارٹیوں کی جانب سے اٹھائے گئے معاملات سے واقفیت حاصل کی۔ چناؤ کمیشن نے دیگر پارٹیوں کے علاوہ BJP، BRS، کانگریس، عام آدمی پارٹی، CPIM، بہوجن سماج پارٹی اور MIM کے وفود سے ملاقات کی۔چناؤ کمشنر انوپ چندر پانڈے اور ارون گوئل کے ساتھ ساتھ انتخابی کمیشن کے اعلیٰ اہلکاروں کی ایک ٹیم نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔ چھ قومی پارٹیوں اور چار علاقائی پارٹیوں کے وفود نے الگ الگ چناؤ کمیشن کے ارکان سے ملاقات کی اور اپنی اپنی عرضداشت پیش کی۔انتخابی کمیشن کل ضلع کلکٹروں اور پولیس سپرنٹنڈنٹ صاحبان کے ساتھ میٹنگ کرے گا۔x

## Haryana Electoral Process

ہریانہ کے اعلیٰ انتخابی افسر انوراگ اگروال نے نوجوانوں اور خواتین کو ترغیب دے کر چناؤ عمل میں شامل ہونے کیلئے حوصلہ افزائی کرنے کی خاطر ایک منفرد پہل کا اعلان کیا ہے۔ اس کے تحت جو افراد پہلی اکتوبر سے 9 دسمبر کے درمیان نئے ووٹر کے طور پر اندراج کرائیں گے، وہ ووٹر فہرستوں سے قرعہ اندازی کے ذریعے لیپ ٹاپ، اسمارٹ فون اور پین ڈرائیو جیت سکیں گے۔ یہ ووٹر فہرستیں اگلے سال پانچ جنوری کو شائع کی جائیں گی۔
اِس کے علاوہ، اِس عرصے کے دوران رجسٹریشن کرانے والے رائے دہندگان کو ستائش کی علامت کے طور پر ٹی-شرٹ بھی ملے گی۔ ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر چنڈی گڑھ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔x

## Nirmala Sitharaman

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے آج کوئمبٹور میں مستفدین میں تین ہزار پانچ سو کروڑ روپے مالیت کے قرضوں کی رقوم تقسیم کی۔ وزیر موصوف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امنگوں والے ضلعے، ہر طرح کی سرکاری امداد کیلئے ترجیحی ہیں۔ قرضوں کی رقوم Credit Outreach پروگرام کے تحت تقسیم کی گئیں۔
وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت، اِس سلسلے میں بیداری پیدا کر رہی ہے اور یقین دہانی کرائی رہی ہے کہ دیہی کسانوں اور

چھوٹے کاروباریوں کو دی جانے والی سبسڈی اور قرضوں کے بارے میں جانکاری حاصل ہوگئی ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ محصول کے ذریعے حاصل کیے گئے مالیے کو پورے ملک میں امداد باہمی کی کثیر مقصدی سوسائٹیوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ x

**Anurag Singh Thakur**

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر انوراگ ٹھاکر نے آج کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں BJP، عوام حامی اور غریب حامی سرکار ہے۔ جناب ٹھاکر نے، جو مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کے ساتھ بھوبنیشور اور کٹک میں بہت سے پروگراموں میں شرکت کیلئے اڈیشہ کے، ایک دن کے دورے پر ہیں، کہا کہ پچھلے 9 برسوں میں ایسے 18 کروڑ 50 لاکھ غریبوں کو اوپر اٹھایا گیا ہے، جو غریبی کی سطح سے نیچے زندگی بسر کر رہے تھے۔

دلّی پولیس کے خصوصی سیل کی طرف سے، ایک نیوز پورٹل اور اُس کے صحافیوں پر چھاپہ مارے جانے کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ مرکزی تفتیشی ایجنسیاں، غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث کسی کے خلاف بھی کارروائی کرنے کیلئے آزاد ہیں۔ x

**Mandaviya**

آیوشمان Bhav مہم کے تحت تقریباً 64 ہزار افراد نے اپنے اعضا کا عطیہ کرنے کا عہد کیا ہے، جو قومی سطح پر گذشتہ مہینے شروع کی گئی تھی۔ یہ مہم 17 ستمبر سے 2 اکتوبر تک سیوا پکھواڑہ کے دوران چلائی گئی۔

مرکزی وزیر صحت ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے بھی اعضا کے عطیے کیلئے اپنے نام کا اندراج کرایا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ آیوشمان Bhav مہم بہت کامیاب رہی اور لوگوں نے بڑھ چڑھ کر اِس میں حصہ لیا۔ ڈاکٹر مانڈویا نے بتایا کہ تقریباً دو لاکھ 70 ہزار صحت میلوں کا اہتمام کیا گیا جن میں ایک کروڑ 61 لاکھ سے زیادہ افراد آئے اور فائدہ حاصل کیا۔x

**BJP-West Bengal**

BJP نے مغربی بنگال میں مرکزی فنڈس مبینہ طور پر خُردبُرد کئے جانے کی چھان بین CBI سے کرائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے پارٹی کے لیڈر اور ریاستی اسمبلی میں اپوزیشن کے لیڈر Suvendu ادھیکاری نے الزام لگایا کہ ریاستی سرکار کے عہدیداروں کے ساتھ سازباز کرکے ترنمول کانگریس کے ہزاروں گاؤں سرپنچ مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ایکٹ ایم جی نریگا کے تحت کام کے تعلق سے ریاست میں ہزاروں کروڑ روپئے کی ہیرا پھیری میں ملوث ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بنگال سرکار پر چھ لاکھ کروڑ روپئے کا قرض ہے اور ریاست میں دو کروڑ بے روزگار نوجوان ہیں۔

جناب ادھیکاری نے کہا کہ پچھلے 12 سال سے مغربی بنگال میں کوئی نئی صنعت قائم نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی کوئی ہوائی اڈّہ یا بندرگاہ بنائی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بنگال میں کاروبار کیلئے ماحول بھی سازگار نہیں ہے۔

## Nobel Prize Physics

Royal Swedish اکیڈمی آف سائنس نے منگل کو، 2023 کا طبعیات کا نوبیل انعام Pierre Agostini، Ferenc Krausz اور Anne L Huiller کو دیا ہے۔ اِن شخصیتوں کو یہ انعام، اُن تجرباتی طریقوں پر دیا گیا ہے، جن سے مادّے کے اندر الیکٹرونز کے متحرک ہونے کے مطالعے کیلئے، روشنی کی attosecond دھڑکنیں پیدا کی گئی ہیں۔

اکیڈمی کے مطابق اِن تینوں شخصیتوں کے اِن تجربات کو تسلیم کیا گیا ہے، جن سے انسانیت کو، ایٹم اور مالیکولز کے اندر، الیکٹرونز کی دنیا کی دریافت کیلئے نئے اوزار فراہم ہوئے ہیں۔

Pierre Agostini، Ferenc Krausz اور Anne L Huiller نے روشنی کی ایسی انتہائی مختصر ڈھڑکنیں تخلیق کرنے کا طریقہ ایجاد کیا ہے، جسے الیکٹرونز کے، حرکت کرنے یا توانائی کو تبدیل کرنے کے بہت تیز عمل کی پیمائش کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

Ferenc Kraus ایک جرمن ماہر طبعیات ہیں، Anne L Huiller کا تعلق سویڈن سے ہے اور Pierre Agostini امریکہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ x

## IMD Rainfall

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، سکم اور شمالی اڈیشہ میں اگلے تین دن تک کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق ملک کے شمال مشرقی حصے میں بھی اگلے چار دن کے دوران کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے بتایا ہے کہ سون بھدر ضلع میں Churk کے مقام پر سب سے زیادہ 16 سینٹی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

اِدھر جنوب مغربی مانسون اتراکھنڈ کے کچھ اور حصوں، مغربی اترپردیش، مغربی مدھیہ پردیش، راجستھان کے بقیہ حصوں اور گجرات کے کچھ علاقوں سے واپس چلا گیا ہے۔x

## Dehli Police

دلّی پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق ایکٹ سے وابستہ ایک کیس کے سلسلے میں ایک نیوز پورٹل کے دو صحافیوں Prabir Purkayastha اور امت چکرورتی کو گرفتار کر لیا ہے۔

پولیس نے اِس کیس میں تلاشی کی کارروائی کی اور 46 لوگوں سے پوچھ تاچھ کی۔ تلاشی کی کارروائی کے دوران پولیس نے جانچ کیلئے ڈیجیٹل آلات اور دستاویزات ضبط کی ہیں۔ پولیس نے بتایا ہے کہ اِس کیس میں مزید تفتیش جاری ہے۔ x

## Kerala Rain

کیرالہ کے شمالی حصے میں تیز بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ تیروونتھا پورم ضلع میں بارش کا اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ Kollam، پتھنم تھٹا اور Alappuzha ضلعوں میں Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔
تیرونتھا پورم کے نچلے علاقوں میں کافی پانی بھر گیا ہے اور بڑے پیمانے پر نقصان ہونے کی اطلاع ملی ہے۔
اِدھر کیرالہ - لکشدیپ ساحل پر مچھلیاں پکڑنے پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔x

## WB Rain

مغربی بنگال میں لگاتار بارش ہونے اور دامودر ویلی کارپوریشن کے مختلف آبی ذخائر سے پانی چھوڑے جانے کی وجہ سے ریاست کے کئی ضلعوں میں سیلاب جیسے حالات پیدا ہوگئے ہیں۔ دامودر ویلی کارپوریشن نے آج اپنے مختلف آبی ذخائر سے مزید ایک لاکھ کیوزک پانی چھوڑا۔
Maithon آبی ذخیرے سے 35 ہزار کیوزک پانی چھوڑا گیا تھا۔ جبکہ Panchet آبی ذخیرے سے 75 ہزار کیوزک پانی چھوڑا گیا۔ اِس کے نتیجے میں مغربی مِدناپور، ہگلی اور ہاوڑہ کے کئی حصوں میں سیلاب کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ انتظامی ذرائع کے مطابق ہگلی ضلع میں صورتحال بہت تشویشناک ہے۔
ریاستی سرکار نے سیلاب کی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے سبھی تیاریاں کرلی ہیں۔x

## Nigeria Blast

نائیجیریا کے Delta خطے میں تیل صاف کرنے کے ایک غیرقانونی کارخانے میں دھماکہ ہونے اور آگ لگنے کے واقعے میں کم از کم 15 افراد کی موت ہوگئی۔
یہ واقعہ کل جنوبی River ریاست کے Emohua ضلع میں پیش آیا جہاں تیل صاف کرنے کے غیرقانونی کارخانوں کا ہونا ایک عام بات ہے۔x

## Asian Games

چین میں Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت کا تمغے جیتنے کا سلسلہ جاری ہے۔ آج کھیلوں کے دسویں دن بھارت نے سونے کے دو، چاندی کے دو اور کانسے کے چار تمغے جیتے۔ اِس طرح بھارت اب تک مجموعی طور پر 69 تمغے جیت چکا ہے۔ اِن میں سونے کے 15، چاندی کے 26 اور کانسے کے 28 تمغے شامل ہیں۔ بھارت فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔
بھارت کیلئے ایک بار پھر آج شام Athletics مقابلے اچھے ثابت ہوئے۔ خواتین کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارت کی Annu Rani نے سونے کا تمغہ جیتا۔ اس کے بعد مردوں کے Decathlon مقابلے میں تیجسون شنکر نے تاریخی اعتبار سے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

مردوں کی Triple Jump میں بھارت کے پروین Chithravel کو کانسے کا تمغہ ملا۔
مردوں کی 800 میٹر کی دوڑ میں محمد Afsal نے بھارت کیلئے چاندی کا تمغہ جیت کر ملک کا نام روشن کیا۔
خواتین کی پانچ ہزار میٹر کی دوڑ میں بھارت کی Parul چودھری نے سونے کا تمغہ جیتا۔ اس کے علاوہ خواتین کی 400 میٹر کی رُکاوٹ دوڑ میں وِدّیا رام راج نے کانسے کا تمغہ جیت کر ملک کا نام روشن کیا۔
اِدھر خواتین کے 54 کلوگرام کے باکسنگ سیمی فائنل میں پریتی پوار نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔
مردوں کے Canoe ڈبل ایک ہزار میٹر کے مقابلے میں بھارت کے ارجن سنگھ اور سنیل سنگھ Salam کو کانسے کا تمغہ ملا۔
مردوں کے 92 کلوگرام سے زیادہ کے زمرے کے باکسنگ سیمی فائنل میں ہارنے کے بعد نریندر Berwal کو کانسے کا تمغہ ملا۔x

☆☆☆☆